
# بچوں کی بائبل
## پیشکش

# یسوع کی پیدائش




مصنف : Edward Hughes

تمثیل کار : M. Maillot

مترجم : Jamil Thomas

مطابقت : E. Frischbutter; Sarah S.



60 کہانیوں میں سے کہانی نمبر 36

**www.M1914.org**

***Bible for Children,*** *PO Box 3, Winnipeg, MB R3C 2G1 Canada*



لائسنس: آپ کو حق ہے کہ اس کہانی کو کاپی یا پرنٹ کرسکتے جب تک کہ آپ اس مواد کو بیچنا شروع نہ کردیں۔



اردو Urdu









فرشتہ نے مریم کو بتایا کہ
اسکی کزن الیشبع بھی بڑاپے
میں حاملہ ہے۔ یہ بھی ایک
معجزہ تھا۔ اس بات کے بعد
جلد ہی مریم الیشبع کے پاس
جاتی ہے۔ اور ان دونوں نے
خداوند کی تعریف کی۔
3
مریم کی ایک یوسف نامی
شخص سے منگنی ہوئی
تھی۔ یوسف بہت ہی
غمگیں ہوا جس اسے پتا
چلا کہ مریم حاملہ ہے۔
اس نے سوچا کہ اس بچے
کا باپ تو کوئی اور ہی ہے۔
4
خواب میں خدا کے فرشتہ نے یوسف
کو بتایا کہ یہ بچہ خدا تعالٰی کا فرزند ہے۔
یوسف مریم کی مدد کرنے کو تھا۔
5
یوسف نے بھروسہ رکھا اور خدا کی اطاعت کی۔ اس نے اپنے ملک کے قوانین کی بھی
اطاعت کی۔ اور نئے قانون کے
مطابق وہ اور مریم اپنے آبائی
گھر بیت الحم میں
حکومت کے
ٹیکس بھی
ادا کرنے بھی گئے۔
6
اب مریم کا وضع حمل کا
وقت آ پہنچا۔ لیکن یوسف کو
کہیں بھی کوئی جگہ نہ ملی۔
تمام سرائے لوگوں سے
بھرئے ہوئے تھے۔
7
آخر کار یوسف کو ایک اصطبل مل گیا۔ وہاں یسوع بچہ پیدا ہوا۔ اس کی ماں نے اسے
ایک چرنی میں رکھا، جہاں جانوروں
کو چارہ دیا جاتا تھا۔
8



قریب ہی چرواہے اپنے گلہ کی نگہبانی کر رہے تھے۔ خداوند کا فرشتہ ان پر ظاہر ہوا اور انہیں حیران کن خبر سنائی۔ کہ آج داود کے شہر میں تمھارے لئے ایک منجی پیدا ہوا ہے یعنی مسیح خداوند۔
اور تم بچہ کو چرنی میں پڑا پاؤ گے۔
9



اور یکایک اس فرشتہ کے ساتھ آسمانی لشکر کی ایک گروہ خدا کی حمد کرتی اور یہ کہتی ہوئی ظاہر ہوئی کہ " عالم بالا پر خدا کی تمجید ہو اور
زمین پر اُن آدمیوں میں جن سے وہ راضی ہے صلح۔ "
10


چرواہے جلدی ہی اصطبل کی جانب گئے۔ اور بچے کو دیکھنے کے بعد جن سے بھی وہ ملے فرشتوں نے جو یسوع کے بارے میں بتایا تھا سب کو خبر کی۔
11


چالیس دن کے بعد، یوسف اور مریم یسوع کو یروشلیم میں ہیکل میں لائے۔ وہاں شمعون نامی ایک بوڑھے نے بچے کو دیکھ کر خدا کی حمد کی۔ جب کہ ایک اور بوڑھی عورت حناہ نامی نے بھی خدا کا شکر ادا کیا، جو ہیکل میں خدا کی خادمہ تھی۔
12



دونوں جانتے تھے کہ یسوع خدا کا بیٹا ہے، اور موعودہ منجی۔ یوسف نے دو پرندوں کی قربانی دی۔ یہ خدا کی شریعت کے مطابق غربا کے لئے پہلوٹھے کو خدا کے حضور لانے کا نذرانہ تھا۔
13



کچھ وقت کے بعد، ایک خاص ستارے نے مشرق ملک سے مجوسیوں کو یروشلیم کی راہ کی رہنمائی کی تھی۔ "
یہودیوں کا بادشاہ کہاں پیدا ہوا ہے۔ " انہوں نے پوچھا، " کیوں کہ ہم اسے سجدہ کرنا چاہتے ہیں۔ "
14











یسوع کی پیدائش

خدا کے کلام بائبل میں یہ کہانی

موجود ہے

متی 1-2، لوقا 1-2

"تیری باتوں کی تشریح نور بخشتی ہے۔"
زبور 119:130

خدا جانتا ہے کہ ہم نے برے کام کیے جنہیں وہ گناہ کہتا ہے۔ گناہ کی سزا موت ہے۔

خدا ہم سے اتنی محبت کرتا ہے کے اس نے اپنے بیٹے یسوع کو بھیجا کہ صلیب
پر مرے اور ہماری سزا اٹھائے۔ یسوع پھر زندہ ہوا اور آسمان پر واپس گیا۔
اب وہ ہمارے گناہ معاف کر سکتا ہے۔

اگر آپ اپنے گناہوں سے توبہ کرنا چاہتے ہیں، خدا سے یہ کہیں:

پیارے خدا، میں ایمان رکھتا ہوں کہ یسوع میرے لیے مرا اور اب دوبارہ زندہ ہے۔ مہربانی
سے میری زندگی میں آجا اور میرے گناہ معاف کرتا کہ اب میری نئ زندگی ہو سکے اور پھر ہمیشہ
تیرے ساتھ رہ سکوں۔ میری مدد کرتا کہ تیرا بیٹا بن کر رہ سکوں۔ آمین۔ یوحنا 16:3

بائبل مقدس پڑھیں اور ہر روز خدا سے باتیں کریں۔